مرکزی
میڈیا آفس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

منگل، 25 شوال، 1441ھ | 16/06/2020 | نمبر: 1441 AH/026

پریس ریلیز

مجاہد پائلٹ "سیف الا عظم" کی وفات پر تعزیت

(ترجمہ)

اتوار 14 جون 2020 کی رات جنگجو ہیرو اور دو سعادتوں کا شرف حاصل کرنے والے سیف الا عظم بنگلہ دیش کے دارالحکومت ڈھاکہ میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ ان پر اللہ کی بے پناہ رحمت ہو اور اللہ ان کا حشر ان کے پیش رو اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے بھائیوں جیسے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ، صلاح الدین ایوبی رحیمہ اللہ، محمد بن القاسم رحیمہ اللہ کے ساتھ کرے جنھوں نے اللہ کے ساتھ کیے گئے اپنے عہد کو پورا کیا۔ مرحوم نے دو سعادتیں حاصل کیں، یہود سے لڑنے کا شرف اور ہندوؤں سے لڑنے کا شرف۔ سیف الا عظم ان شہسواروں میں سے تھے جنھوں نے 1965 کی جنگ میں ہندوؤں کے خلاف داد شجاعت دی، 12 حملوں میں ہندو افواج کو بھاری جانی اور مالی نقصان پہنچایا، اعظم نے ہندوستانی فضائیہ کا جنگی جہاز مار گرا کر فوجی تمغہ بھی حاصل کیا، پھر 1967 میں اعظم نے یہود سے قتال کرنے والے اپنے بھائیوں کے شانہ بشانہ یہود سے قتال کیا، یہ بات مشہور ہے کہ آپ واحد پائلٹ تھے جنھوں نے تین فضائی افواج میں یہود کے خلاف قتال کیا اردن، عراق اور پاکستان، یہودی وجود کے جہازوں کا گرانے کا ریکارڈ بھی قائم کیا، آپ پر اللہ کی رحمت ہو اور اللہ امت مسلمہ کی طرف سے آپ کو جزائے خیر دے۔

ہم اس موقع پر اردن کی فوج، بنگلہ دیشی فوج اور پاک فوج میں سیف الا عظم کے جانشینوں سے یہ کہنا چاہتے ہیں کہ جس فلسطین کی آزادی کے لیے سیف الا عظم نے جہاد کیا وہ بدستور ملعون دشمن کے قبضے میں سسک رہا ہے، وہ فلسطین بدستور اپنی آزادی کے لیے تمہاری راہ دیکھ رہا ہے، ہم تمہیں یاد دلاتے ہیں کہ قبلہ اول، تیسرا حرم مقدس مسجد الاقصیٰ کو دن رات یہودی ریوڑ روندرہے ہیں، بلکہ اس کو شہید کرکے یہود کے من گھڑت ہیکل کو تعمیر کرنے کی تیاری ہو رہی ہے۔ ہم تمہیں یہ یاد دہانی بھی کراتے ہیں کہ یہودی ریاست کی دوست ہندو ریاست کشمیر پر جابرانہ قبضہ کرکے کشمیر کے مسلمانوں بلکہ ہندوستان کے مسلمانوں، ہندوستان بنگلہ دیش باڈر کے پاس بسنے والے مسلمانوں اور پاک بھارت ایل او سی کے پاس بسنے والے مسلمانوں کے خلاف جارحیت کا ارتکاب کر رہی ہے، اس سب کی وجہ سے اور اپنے جہادی رفیق سیف الا عظم کے نقش قدم پر اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے برکت والے فلسطین اور جنت نظیر کشمیر کو آزاد کراؤ۔

اے بنگلہ دیش، پاکستان اور اردن کی افواج کے مخلص افسران! ہم جانتے ہیں کہ تم یہودیوں ہندوؤں اور تمام اسلام دشمن قوتوں کے خلاف جہاد کی تمنار کھتے ہو مگر ہمارے ملکوں میں مسلمانوں کی گردن پر سوار سیکولر ایجنٹ حکومتیں تمہاری راہ میں رکاوٹ ہیں، اسی لیے ہم تم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ان حکومتوں کو برطرف کرو اور نبوت کے طرز پر خلافت راشدہ کے قیام کے لیے حزب التحریر کو نصرۃ فراہم کرکے اپنے دین اور اپنی امت کی مدد کرو، تب ہی خلیفہ راشد مقبوضہ مسلم علاقوں کی آزادی کے لیے جہاد کے میدانوں میں تمہاری قیادت کرے گا اور کرہ ارض کو اللہ کے نازل کردہ کی حکمرانی کے ماتحت لائے گا، تب ہی اللہ کا یہ فرمان تم پر صادق آئے گا۔

﴿مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلاً﴾

"مومنین میں سے کچھ جوان مردوں نے اللہ سے کیے گئے اپنے عہد کو پورا کیا پس ان میں سے کچھ نے باری گزار دی اور بعض انتظار کر رہے ہیں اور انہوں نے اس عہد میں کوئی تبدیلی نہیں کی"۔ (سورۃ الاحزاب: 23)

انجینئر صالح الدین عضاضہ

المكتب الإعلامي المركزي حزب التحرير
HIZB-UT-TAHRIR Central Media Office

ڈائریکٹر مرکزی میڈیا آفس حزب التحریر

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
ویب پیج آفس حزب التحریر میڈیا: http://www.hizb-ut-tahrir.info
موبائل فون: 0096171724043
ٹیلی فون / فیکس: 009611307594
ای میل: ws-cmo@hizb-utTahrir.info